# پراسپیکٹس

سمسٹر: بہار 2020ء

داخلے سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں سمسٹرز بالترتیب جنوری اور جولائی میں ہوتے ہیں۔
ہر سمسٹر میں داخلہ فارم مع فیس بروقت جمع کروانا طالب علم کی ذمہ داری ہے۔

- زرعی کورسز
- پیشہ وارانہ کورسز
- اللسان العربی سرٹیفکیٹ کورس
- عربی بول چال سرٹیفکیٹ کورس
- لغت القرآن سرٹیفکیٹ کورس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

قیمت: -/100 روپے

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)

# پراسپیکٹس برائے سرٹیفکیٹ

تعداد اشاعت ..............................................................................

پراسپیکٹس ڈیویلپمنٹ .................................................. قاضی محمد شیراز

قیمت ............................................................................ -/100 روپے

طابع ............................................ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنٹنگ پریس

ناشر ............................................ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# داخلہ فارم پُر کرنے سے پیشتر مندرجہ ذیل ہدایات پڑھنا لازم ہیں

1- داخلہ فارم پر اپنے گروپ کا نام لازمی لکھیں۔

2- نئے پروگرام میں پہلی بار داخلہ لیتے وقت کورسز فیس کے ہمراہ داخلہ اور رجسٹریشن فیس جمع کروانا لازمی ہے۔

3- (الف) داخلہ فارم کے ہمراہ بورڈ سے جاری شدہ اسناد/ مارکس شیٹ جس میں پاس شدہ مضامین کی تفصیل درج ہو، شناختی کارڈ، ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک کرنا لازم ہے ورنہ داخلہ ممکن نہ ہوگا۔ انٹرنیٹ کا پرنٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔

(ب) یونیورسٹی ہذا سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء و طالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقول لف کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔)

4- فیس بنک میں جمع کروانے سے پہلے اس بات کی تسلی کر لیں کہ فیس متعلقہ پروگرام/کورسز کے حساب سے جمع کروا رہے ہیں کیونکہ فیس کم ہونے کی صورت میں آپ کا داخلہ نہیں ہوگا۔

5- **مقررہ مدت میں پروگرام مکمل کرنے کے لیے لازم ہے کہ طلباء و طالبات ہر سمسٹر (جنوری، جولائی) کی فیس یونیورسٹی کے نامزد بینکوں میں جمع کروائیں۔ جاری طلبہ (Continuing Students) یونیورسٹی website (http://online.aiou.edu.pk) پر online داخلہ / انرولمنٹ فارم پُر کر کے فیس مجوزہ بینک میں جمع کرا سکتے ہیں۔ تاہم جاری طلبہ کو کمپیوٹرائز داخلہ / انرولمنٹ فارم ہر سمسٹر شروع ہونے سے پہلے ارسال بھی کیے جاتے ہیں۔**

6- **جاری طالب علم پراسپیکٹس والا داخلہ فارم استعمال نہ کریں۔**

7- کسی بھی لحاظ سے نامکمل (مثلاً کم فیس، غیر تصدیق شدہ/غیر واضح اسناد، نامکمل معلومات) داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔ سمسٹر کے اختتام پر فارم میں کمی کی نشاندہی بذریعہ خط/Website دی جائے گی مقررہ تاریخ کے اندر اعتراضات دور کرنے کی صورت میں داخلہ ممکن ہوگا۔

8- **طلباء و طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا پتہ برائے خط و کتابت واضح طور پر تحریر کریں۔ کسی کی معرفت پتہ تحریر کرنے یا پوسٹ بکس نمبر پر یونیورسٹی داخلہ نہ دینے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔**

9- داخلہ فیس مقرر کردہ بینکوں کی شاخوں میں جمع کروانا لازم ہے۔ داخلہ فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ/منی آرڈر قابل قبول نہیں ہے۔

10- **داخلہ اور کتب نہ ملنے کی صورت میں طلبہ اپنے داخلہ فارم اور اداشدہ فیس کی فوٹو کاپی کے ہمراہ بہار سمسٹر کے لیے اپریل اور خزاں سمسٹر کے لیے اکتوبر تک شعبہ داخلہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مقررہ مدت کے بعد رجوع کرنے پر یونیورسٹی جاری سمسٹر میں داخلہ دینے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔**

11- **اپنی کتب ایڈریس لیبل پر درج شدہ کوڈ نمبر کے مطابق چیک کریں اور کمی بیشی کی صورت میں شعبہ ترسیل سے فوری طور پر رابطہ کریں۔ یاد رہے کہ کورس کی تبدیلی مقررہ فیس (انٹرمیڈیٹ -/100 روپے فی کورس) کی ادائیگی کے ہمراہ پہلی مشق کی آخری تاریخ سے قبل ہی ممکن ہے۔**

12- یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طالب علم پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں، امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

13- داخلہ کے لیے مطلوبہ اسناد جعلی ثابت ہونے کی صورت میں نہ صرف داخلہ منسوخ ہوگا بلکہ طالب علم کی اداشدہ فیس بھی ضبط کر لی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

14- **داخلہ فارم میں فراہم کردہ معلومات کسی بھی وقت غلط/جھوٹ ثابت ہونے یا داخلہ کے لیے مقرر کردہ شرائط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں یونیورسٹی داخلہ منسوخ کرنے کی مجاز ہوگی اور طالب علم سرٹیفکیٹ/ڈگری کے حصول کے لیے دعویٰ کا حق دار نہیں ہوگا۔**

15- ایک وقت میں دو مختلف پروگراموں میں داخلہ نہیں لیا جا سکتا۔ ایسی صورت میں یونیورسٹی قواعد کے مطابق نئے پروگرام کا داخلہ منسوخ اور فیس بھی ضبط کرنے کی مجاز ہوگی۔

16- کسی قسم کی ترمیم/ داخلے کی منسوخی کے لیے درخواست کے ساتھ طالب علم/ طالبہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

17- ٹیوٹر کی تعیناتی میں تاخیر کی صورت میں اپنے قریبی علاقائی مرکز یا ناظم علاقائی خدمات، اسلام آباد سے رابطہ کریں۔

18- آگاہ رہیں کہ کسی نجی ادارے یا فرد کو اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ یونیورسٹی کی طرف سے داخلہ فارم یا فیس وصول کریں۔ فیس صرف نامزد بینک میں بذات خود جمع کروائیں۔ فیس یا فارم میں بدعنوانی کی صورت میں یونیورسٹی اس کی ذمہ دار نہ ہوگی اور طالب علم کے خلاف تادیبی کارروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

# یاد رکھیں!

1- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے داخلے سال میں دو مرتبہ ہوتے ہیں:

☆ سمسٹر بہار کے داخلے ماہ **جنوری/ فروری** میں ہوتے ہیں **جب کہ** سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ **جولائی/ اگست** میں ہوتے ہیں۔

2- سمسٹر بہار (جنوری/فروری) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (جولائی/اگست) میں جمع کروانا ہوگی۔

3- سمسٹر خزاں (جولائی/اگست) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (جنوری/فروری) میں جمع کروانا ہوگی۔

4- **ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ ایک کورس میں داخلہ لیا جا سکتا ہے۔**

5- کسی سمسٹر میں پہلے سے داخل طلبہ کو جاری طلبہ **(Continuing Student)** کہا جاتا ہے۔ ان جاری طلبہ **(Continuing Student)** کو اگلے سمسٹر کے لیے کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم بذریعہ ڈاک بھجوائے جاتے ہیں جو کہ مجوزہ فیس کے ساتھ مقررہ تاریخوں کے دوران منظور شدہ بنکوں میں جمع کروانا ہوتے ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ Online Form بھی پُر کرنا لازمی ہے جو کہ https://online.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

6- طالب علم کو اگر کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم نہ ملے تو یونیورسٹی کی ویب سائٹ **(www.aiou.edu.pk)** سے جاری طلبہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر کے اُوپر دیئے گئے مہینوں کے دوران طریقہ کار کے مطابق فیس مجوزہ بینکوں میں جمع کروائیں، بصورت دیگر یونیورسٹی داخلہ کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

## سمسٹر شیڈول

| نمبر شمار | سرگرمی | سمسٹر بہار | سمسٹر خزاں |
|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ | جنوری ۔ فروری | جولائی ۔ اگست |
| 2 | ترسیل کتب | مارچ ۔ اپریل | ستمبر ۔ اکتوبر |
| 3 | مطالعہ کی مدت | مئی ۔ اگست | نومبر ۔ فروری |
| 4 | امتحانات | ستمبر | مارچ |
| 5 | نتائج | نومبر | مئی |

**نوٹ:** شیڈول کی مقرر کردہ تاریخوں کی معلومات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ **https://www.aiou.edu.pk** ملاحظہ کریں۔

# اسے ضرور پڑھیے

داخلہ فارم پر اپنے گروپ کے مطابق **چار ہندسوں کا پروگرام کوڈ** ایڈمیشن فارم کے متعلقہ خانوں میں لازمی لکھیں۔

آپ اگر جاری طلباء و طالبات میں سے ہیں اور آپ کو جاری طلبہ کا داخلہ فارم موصول نہیں ہوا تو یونیورسٹی کی ویب سائٹ (www.aiou.edu.pk) پر online فارم پُر کر کے فیس داخلہ مجوزہ بینکوں میں مقررہ تاریخ کے اندر جمع کرا دیں۔

جاری طلباء پراسپکٹس والا فارم استعمال نہ کریں۔

# پروگراموں کا ایک جائزہ

| پروگرام | پروگرام کوڈ | اہلیتِ داخلہ | دورانیہ | مقررہ کریڈٹ |
|---|---|---|---|---|
| **پیشہ وارانہ سرٹیفکیٹ کورسز**<br>☆ گھریلو مصنوعات کی فروخت<br>☆ زرعی کورسز<br>☆ ٹیکنیکل کورسز | **0202** | مڈل | ایک سمسٹر | |
| سرٹیفکیٹ کورسز<br>☆ اللسان عربی<br>☆ عربی بول چال<br>☆ لغتہ القرآن | **0105** | اردو پڑھنا اور لکھنا | ایک سمسٹر | |

ایک سمسٹر میں صرف ایک ہی کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

**ضروری تاکید**: داخلہ فارم پر اپنے گروپ کے مطابق درج بالا **چار ہندسوں کا پروگرام کوڈ** ایڈمیشن فارم کے متعلقہ خانوں میں لازمی لکھیں۔

# فہرست


صفحہ نمبر

— علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف ---------------------------- 01

1۔ **پیشہ وارانہ سرٹیفکیٹ کورسز** ------------------------------------ 02

1.1- گھریلو مصنوعات کی فروخت ----------------------------- 02

2۔ **سرٹیفکیٹ کورسز** ------------------------------------------------ 02

2.1- اللسان العربی سرٹیفکیٹ کورس ----------------------------- 03

2.2- لُغت القرآن سرٹیفکیٹ کورس ----------------------------- 03

3۔ **طریقہ تعلیم کے اہم اجزاء** ---------------------------------- 04

4۔ **فیس** ----------------------------------------------- 06

4.1 فیس اور داخلہ جمع کرانے کا طریقہ کار ------------------------ 06

5۔ **اہم معلومات** ------------------------------------------------ 07

6۔ **داخلہ، کتابیں، ڈیٹ شیٹ، رول نمبر سلپ اور رزلٹ کے بارے میں** **08**

**معلومات حاصل کرنے کے لیے اہم فون نمبرز اور پتے** ----------- 08

**ریجنل کوآرڈینیٹر کے پتے** -------------------------------------------- 09

7۔ **سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے فارم اور ہدایات** ------------



# پیغام

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ایک فاصلاتی یونیورسٹی ہے جس کا دائرہ کار محدود ہے نہ مخصوص ۔ اس کی حدیں پاکستان کی سرحدوں سے ملتی ہیں ۔ اس کی تعلیمی سہولتیں ملک گیر ہیں اور یہ اپنے تدریسی فلسفے یعنی ''تعلیم لوگوں کی دہلیز پر'' کے مطابق باشعور اور باعلم پاکستان کی تشکیل میں بھرپور کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی پسماندگی کو دور کرنے اور ملک میں خو# گی کی شرح بلند کرنے کے عمل میں اپنی منزل کی طرف کامیابی سے گامزن ہے۔

آپ کی ترقی کے لیے کوشاں

پروفیسر ڈاکٹر ضیاء القیوم

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

# داخلہ لینے کا طریقہ کار اور داخلہ فارم یونیورسٹی بھیجنے کا طریقہ کار

**وہ طلباء جو کہ پہلے سمسٹر میں داخلہ لے رہے ہیں یا جاری طلباء (Continue Student) ہیں۔ داخلہ فارم Online یا Hard Form دونوں طریقوں سے پُر کر کے داخلہ لے سکتے ہیں۔ اس کا طریقہ کار مندرجہ ذیل ہے۔**

## پہلے سمسٹر میں Online داخلہ لینے کا طریقہ کار

1. ویب سائیٹ (http://online.aiou.edu.pk) وزٹ کریں۔
2. (Admission Form for Fresh Students) والے بٹن پر کلک کریں۔
3. داخلہ فارم پُر کرنے کے بعد داخلہ فارم اور چالان کا پرنٹ لے لیں۔
4. فیس ABL , MCB, UBL, FWB کی کسی بھی برانچ میں جمع کروادیں۔ داخلہ فارم یونیورسٹی بھجوانے کا طریقہ کار نیچے لکھ دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ بینک میں صرف چالان فارم پیش کر کے فیس جمع کروانی ہے۔

## جاری طلبہ (Continue Student) Online داخلہ/انرولمنٹ لینے کا طریقہ کار

1. ویب سائیٹ (http://online.aiou.edu.pk) وزٹ کریں۔
2. "Admission/Enrollment Form for Continue Students" پر کلک کریں۔
3. رول نمبر والے کالم میں اپنا رول نمبر لکھیں۔
4. اپنے کورسز کا انتخاب کریں۔ اور چالان فارم پرنٹ کرلیں۔
5. فیس FWB, ABL, MCB, UBL کی کسی بھی برانچ میں جمع کروادیں۔ اور ادا شدہ فیس کا چالان سنبھال کر رکھیں یونیورسٹی بوقت ضرورت یہ چالان آپ سے طلب کر سکتی ہیں۔

## داخلہ فارم بھجوانے کا طریقہ کار

**فیس جمع کروانے کے بعد 48 گھنٹے کے اندر آپ نے اپنا داخلہ فارم درج ذیل طریقے کے مطابق یونیورسٹی کو بھجوانا ہے۔**

1. فارم کے پہلے صفحہ کے نیچے والے حصہ پر ایڈریس لیبل لگا ہوا ہے اسے داخلہ فارم سے علیحدہ کرلیں۔
2. چالان کی یونیورسٹی کاپی کو اپنے مکمل شدہ فارم کے ساتھ لف کریں۔ اب اپنا داخلہ فارم کسی لفافے میں بند کریں۔
3. داخلہ فارم سے جدا کیا ہوا ایڈریس لیبل اس لفافے پر چسپاں کردیں۔
4. یہ لفافہ اپنے قریبی پوسٹ آفس (ڈاکخانہ) میں جا کر رجسٹری کروائیں اور رسید حاصل کریں۔ **(واضح رہے کہ آپ کو رجسٹری کے پیسے نہیں دینے۔ یہ پیسے پہلے ہی یونیورسٹی پوسٹ آفس کو دے چکی ہے۔)**

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (جس کا مین کیمپس اسلام آباد میں ہے) کا شمار اس وقت دنیا کی چار میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے، 1974ء میں پارلیمنٹ کے ایکٹ (XXXIX) کے تحت قائم ہوئی۔ اُس وقت یہ دنیا کی دوسری اور ایشیا اور افریقہ کی پہلی اوپن یونیورسٹی تھی مگر اب دنیا میں فاصلاتی نظام تعلیم پر مبنی 60 سے زائد یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

پاکستان میں اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا تھا، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، وطن عزیز کے دیہاتوں، قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، ان سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن انجام دے رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی غیر رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعے مختلف تعلیمی پروگرام پورے ملک میں عام کر کے قومی یونیورسٹی کی صورت میں نمایاں ہوئی ہے۔ فاصلاتی نظام تعلیم روایتی اور رسمی نظام تعلیم کے برعکس متنوع بھی ہے اور ہمہ گیر بھی۔ طلبہ اس کے ذریعے میّسر وقت میں سہولت کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ انہیں طبع شدہ کورسز اور مجوزہ کتب کے علاوہ ٹیوٹوریل، گروہی سرگرمیاں اور دیگر ملٹی میڈیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بنیادی تعلیم سے لے کے پی ایچ ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے تدریسی اور انتظامی کام کی مناسب اور موزوں ترویج و اشاعت کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر 44 سے زائد علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں نیز طلبہ کی رہنمائی کے لیے مختلف شہروں میں رابطہ دفاتر بھی قائم کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظام تعلیم کے طلبہ اپنے ٹیوٹرز سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی نے کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کیے ہیں جہاں پر ایم بی اے (آئی ٹی)، بینکنگ اینڈ فنانس، بی ایس (سی ایس) اور ایم ایس کے طلبہ کو بالمشافہ تعلیمی رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ و اساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معزز و سرکردہ اراکین اور صاحبان علم و دانش شرکت کرتے ہیں۔

اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔ طلبہ کا داخلہ سال میں دو بار سمسٹر خزاں اور سمسٹر بہار میں ہوتا ہے۔ انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں، ان کتابوں کے ہمراہ تقویتی مواد بھی بھجوایا جاتا ہے اور آڈیو کیسٹس (Cassettes) بھی۔ اکثر کورسز میں ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز کے ذریعے بھی تعلیمی اور تدریسی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ملک بھر سے جز وقتی ٹیوٹرز کی خدمات بھی حاصل کی جاتی ہیں نیز ہر طالب علم کو مراسلت اور ٹیوٹوریل میٹنگ کے ذریعے بھی تدریسی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیورسٹی میں سائنس کے طلبہ کے لئے ''یونیورسٹی سائنس کمپلیکس'' کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں سائنس کے تمام ڈسپلنز کے ریسرچ اسکالرز کے لئے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہوسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکیں۔

## 1- پیشہ ورانہ سرٹیفکیٹ کورسز

سرٹیفکیٹ کورسز (زرعی اور ٹیکنیکل) میٹرک سطح پر پروگرام کوڈ **0202**

سرٹیفکیٹ سطح پر یونیورسٹی مختلف نوعیت کے عملی، تکنیکی پیشہ ورانہ، زرعی اور ٹیکنیکل کورسز پیش کرتی ہے۔

### 1.1۔ گھریلو مصنوعات کی فروخت

| کورس کوڈ | کورس | میڈیم | کریڈٹ | کورس فیس |
|---|---|---|---|---|
| 200 | گھریلو مصنوعات کی فروخت | اردو | مکمل | -/935روپے |

### 1.2- زرعی کورسز پروگرام کوڈ **0317**

یونیورسٹی زراعت سے متعلق سیکنڈری/ ہائر سیکنڈری سطح پر درج ذیل کورسز پیش کر رہی ہے جو شہروں اور دیہات میں رہنے والے مردوں، عورتوں اور نوجوانوں کے لئے یکساں مفید ہیں۔ ان کورسوں کا مقصد زراعت اور حیوانات سے متعلق جدید معلومات فراہم کرنا ہے۔

### شعبہ کا تعارف

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو قدرتی وسائل سے مالا مال کیا ہے۔ پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے۔ زراعت کو پاکستان کی اقتصادی، معاشی اور معاشرتی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ جہاں پاکستان میں پھولوں اور سبزیوں کی کاشت کے لیے موزوں زمین اور آب و ہوا ملتی ہے وہاں جانوروں کی نشو ونما اور پیداوار میں اضافے کے لیے بہترین ذرائع میسر ہیں۔ اس حقیقت کے درپیش عام کسانوں اور کاشتکاروں کو جدید معلومات اور مہارتیں مہیا کرنے کی اولین ضرورت و اہمیت ہے تاکہ عام کاشتکار جو زرعی ٹیکنالوجی سے فیض یاب ہو کر زیادہ پیداوار اور آمدنی حاصل کر سکیں۔ تاہم ان حقائق کے پیش نظر شعبہ زرعی سائنسز، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد نے زرعی کورسز کا انعقاد کیا ہے جو شہری اور دہی علاقوں میں رہنے والوں کے لیے یکساں مفید ہے۔ ان کورسز کا بنیادی مقصد زراعت اور حیوانات سے متعلق جدید معلومات فراہم کرنا ہے۔

| کوڈنمبر | مضامین | مدت | شرائط تعلیمی معیار | کورس فیس |
|---|---|---|---|---|
| 211 | مرغبانی | ایک سمسٹر | مڈل | -/935روپے |
| 219 | گھریلو زرعی امور | ایک سمسٹر | مڈل | -/935روپے |
| 313 | ڈیری فارمنگ | ایک سمسٹر | میٹرک | -/935روپے |
| 326 | نفع بخش زرعی مہارتیں | ایک سمسٹر | میٹرک | -/935روپے |
| 327 | فارم مشینری | ایک سمسٹر | میٹرک | -/935روپے |
| 328 | تیل دار فصلوں کی کاشت | ایک سمسٹر | میٹرک | -/935روپے |
| 329 | جدید زراعت | ایک سمسٹر | میٹرک | -/935روپے |
| 342 | پھلوں کی پیداوار کے جدید طریقے | ایک سمسٹر | میٹرک | -/935روپے |
| 349 | پودوں کی حفاظت | ایک سمسٹر | میٹرک | -/935روپے |

## 2- سرٹیفکیٹ کورسز پروگرام کوڈ **0105**

### ڈیپارٹمنٹ کا تعارف:

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی 1974ء میں قائم کی گئی۔ 1982ء میں شعبہ عربی میں پہلا کورس **"العربیة سھلة"** کے نام سے متعارف کروایا گیا۔ اس کے فوراً بعد ہی اے ٹی ٹی سی ATTC کورس (608) متعارف کروایا گیا جو پاکستان میں صرف علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں کروایا جاتا ہے اس کورس کے ذریعے تقریباً ایک لاکھ اساتذہ کو ٹریننگ دی جا چکی ہے۔ میٹرک، ایف اے، بی اے، اور درس نظامی کی سطح پر عربی بطور اختیاری مضمون موجود ہے، بی ایس عربی پروگرام بھی پیش کیا جا چکا ہے ایم اے اور ایم فل عربی بھی جاری ہے، رواں سال میں پی ایچ ڈی عربی کا اجراء بھی

انشاءاللہ کر دیا جائے گا۔

عربی میں بحث وتحقیق کی روایات کو قائم رکھنے کے لیے شعبہ کا ریسرچ جرنل ، 'مجلۃ البحث العربی' باقاعدگی سے صادر ہورہا ہے، تمام اساتذہ تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیقی خدمات میں بھی پیش پیش ہیں چنانچہ تمام اساتذہ مقالہ بھی لکھتے اور پبلش کرتے رہتے ہیں۔ شعبہ عربی میں نصاب سازی نیز مزید نئی کتابیں لکھی جارہی ہیں شعبہ میں سالانہ انٹرنیشنل عربی زبان وادب کانفرنس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

## 2.1- اللسان العربی سرٹیفکیٹ کورس

اللسان العربی یونیورسٹی کے ابتدائی پروگراموں میں سے ایک ہے۔ روزمرہ عربی بول چال کا یہ پروگرام بھی ایک سمسٹر پر مبنی ہے۔ عربی زبان کی مئوثر تدریس کے لئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ابتدائی عربی کورس ''اللسان العربی'' کے نام سے پیش کیا جاتا ہے۔ مراسلاتی اسباق کے ساتھ ساتھ ہفتہ وار ریڈیو پروگرام اور مطالعاتی مراکز میں اساتذہ کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔ یہ کورس ہر سال بہار/خزاں دونوں سمسٹر میں پیش کیا جاتا ہے۔ F.M ریڈیو 91.6 پر مقامی طلبہ کے لیے صبح 11 سے 01 بجے اور شام 4 سے 6 بجے یہ پروگرام پیش کیا جاتا ہے۔ ریڈیو پروگرام کی تفصیل ریڈیو شیڈول میں درج ہے۔

| کوڈنمبر | کورس | مدت کورس | داخلے کا معیار | کورس فیس |
|---|---|---|---|---|
| 110 | اللسان العربی | چھ ماہ | اردو پڑھنا لکھنا اور سمجھنا | -/935روپے |
| 114 | عربی بول چال | چھ ماہ | اردو پڑھنا لکھنا اور سمجھنا | -/935روپے |

کامیاب ہونے والے طلبہ کو سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ اس کورس میں داخلے کے لئے میٹرک پاس ہونے کی شرط نہیں، اردو پڑھنے کی صلاحیت اور عربی زبان سیکھنے کا شوق کافی ہے۔ 0114 کورس BCS میں بھی شامل ہے جو عربی بول چال پر مبنی ہے اور اس کی مدت بھی صرف چھ ماہ ہے۔

## 2.2- لغۃ القرآن سرٹیفکیٹ کورس

عربی زبان کی تدریس میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ جامعہ نے قلیل عرصہ میں قومی اور بین الاقوامی جامعات میں ممتاز مقام حاصل کرلیا ہے۔ جامعہ میں ابتدائی سطح سے لے کر اعلیٰ تعلیمی سطح تک کے پروگرام پیش کیے گئے ہیں۔ مختلف تعلیمی پروگراموں میں طلبہ و طالبات کی تعداد ایک تعلیمی سال (دوسمسٹرز) میں کم وبیش چودہ لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ جامعہ کی ترقی میں شعبہ عربی گراں قدر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

یونیورسٹی نے جب اپنے تعلیمی پروگراموں کا آغاز کیا تو سب سے پہلے ''اللسان العربی'' کا پروگرام فاصلاتی نظام تعلیم وتدریس کے ذریعہ پیش کیا گیا جسے علمی حلقوں میں بہت پذیرائی حاصل ہوئی۔ بعدازاں شعبہ عربی نے عربی بول چال میٹرک، انٹرمیڈیٹ، بی اے، ایم اے اور ایم فل کی سطح تک عربی پڑھانے کا اہتمام کیا۔ الحمدللہ یہ تمام کورسز ملک بھر میں جاری وساری ہیں اور طلبہ و طالبات برابر استفادہ کررہے ہیں۔ ان عربی پروگراموں کی بدولت یہ طلباء عرب ممالک میں مختلف وظائف پر فائز ہیں اور پاکستان کے لیے زرمبادلہ کے حصول میں کوشاں ہیں۔ انشاء اللہ امسال 2020ء میں پی ایچ ڈی (عربی) کا پروگرام بھی پیش کیا جائے گا۔ یہ پروگرام جامعہ کی تمام تعلیمی و انتظامی منظوری کے مراحل حاصل کرچکا ہے۔

چند سال قبل بے شمار خواتین وحضرات نے یونیورسٹی انتظامیہ کو خطوط تحریر کیے اور استدعا کی کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی جانب سے ایک ایسے کورس کا اجراء کیا جائے جو قرآن حکیم کی زبان (عربی) کی تفہیم وتدریس پر مشتمل ہو۔ جامعہ نے اس تجویز کو سراہتے ہوئے شعبہ عربی کو یہ کام تفویض کیا۔ چنانچہ شعبہ عربی کے اساتذہ نے فوراً ہی کورس کا خاکہ تیار کیا اور ملک کے نامور عربی اساتذہ سے مشاورت کے لیے میٹنگ بلائی۔ اس اجتماع میں تفصیل کے ساتھ کورس کا جائزہ لیا گیا اور بالآخر موجودہ کورس تجویز ہوا جسے جامعہ کی تمام باڈیز نے منظور کیا۔ الحمدللہ اب یہ کورس کتابی شکل میں پیش خدمت ہے جسے فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعہ پڑھایا جائے گا تاکہ قرآن حکیم کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ ''لغۃ القرآن'' کے کورس کی تفصیل درج ذیل ہے:

| کوڈ نمبر | کورس | مدت کورس | داخلے کا معیار | کورس فیس |
|---|---|---|---|---|
| 109 | لغتہ القرآن | چھ ماہ | اردو پڑھنا لکھنا اور سمجھنا | -/935 روپے |

☆ یہ کورس ایک سمسٹر پر مشتمل ہے اور جس کی مدت چھ ماہ ہے۔

☆ یہ کورس نان کریڈٹ ہے اس لیے اس میں داخلہ کے لیے اردو پڑھنا، لکھنا اور سمجھنا کافی ہے۔

☆ یہ کورس جامعہ کی طرف سے سال میں دوبار پیش کیا جائے گا۔

☆ تقویتی مواد کے طور پر الیکٹرانک میڈیا کا استعمال کیا جائے گا۔ اس کے لیے ٹی وی، ریڈیو پروگرام بھی تشکیل دیے گئے ہیں اور اسی طرح اس پروگرام کو On Line بھی کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں ہفتہ وار ٹیوٹوریل تدریس بھی ہوگی۔

☆ اس کورس کی چار مشقیں ہوں گی جن میں پاس ہونا لازمی ہے۔

☆ کورس کے اختتام پر فائنل امتحان ہوگا جس میں کامیاب طلبہ وطالبات کو جامعہ کی طرف سے سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

## 3- طریقہ تعلیم کے اہم اجزا

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بیشتر کورسز اردو زبان میں ہیں لیکن انگریزی میں پیش کردہ کورسز کی تعداد بھی کم نہیں۔ جو کورسز اردو میں ہیں ان کا امتحان اردو میں اور جو انگریزی میں ہیں ان کا امتحان انگریزی زبان میں دینا ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفتر یا یونیورسٹی کے شعبہ داخلہ سے رجوع کریں۔ یونیورسٹی کے طلبہ پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں اس لئے انہیں فاصلاتی طریقہ تعلیم کے اصولوں کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ جس میں تعلیم کا انحصار مندرجہ ذیل اجزاء پر ہوتا ہے:

(i) درسی مواد

(ii) امتحانی مشقیں

(iii) جزوقتی اساتذہ سے راہنمائی

(iv) ریڈیو/ٹیلی ویژن پروگرام

(v) آخری امتحان

### (i) درسی مواد

طلبہ کے لئے درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ ہر کورس میں درسی مواد کے یونٹوں کی تعداد مقرر ہے۔ یونٹ میں ایک ہفتے کا درسی کام ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے شروع میں اس کے مقاصد پھر اسی ترتیب سے یونٹ کے مختلف موضوعات اور ہر موضوع کے بعد خود آزمائی (اپنا امتحان آپ) کے سوالات ہوتے ہیں۔ ان سوالات سے طلبہ کو اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے کورس کو کس حد تک سمجھا ہے۔ طلبہ کو درسی مواد بذریعہ ڈاک روانہ کیا جاتا ہے۔

### (ii) امتحانی مشقیں

ہر کورس کے لئے اس کی نوعیت کے اعتبار سے امتحانی مشقوں کی ایک مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔ طلبہ کے لئے کورس کے دوران یہ امتحانی مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بروقت بھیجنا لازمی ہے۔ ٹیوٹر تصحیح اور جانچ پڑتال کے بعد یہ امتحانی مشقیں طالب علم کو واپس بھیج دیتا ہے تاکہ طلبہ اپنی کارکردگی سے باخبر رہیں۔ ان مشقوں کے نمبر آخری امتحان میں حاصل کردہ نمبروں میں شامل کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا ہے۔ (ایک مکمل کورس کے لئے چار اور نصف کورس کے لئے دو امتحانی مشقیں حل کرنا ہوتی ہیں۔ فنی، عملی کورسوں میں تعداد مختلف ہوسکتی ہے۔ امتحانی مشقوں میں کامیابی کے کم از کم نمبر چالیس فیصد ہوتے ہیں۔ مقررہ مشقیں بروقت نہ حل کرنے سے نتیجہ متاثر ہوتا ہے اور ان میں ناکامی کی صورت میں دوبارہ داخلہ لینا پڑتا ہے۔)

### (iii) اساتذہ سے راہنمائی/ ٹیوٹوریل میٹنگز

ملک کے مختلف شہروں میں یونیورسٹی کے تعلیمی مراکز موجود ہیں جہاں دفتری اوقات کے بعد یا چھٹی کے دن مختلف کورس کے اساتذہ طلبہ کی رہنمائی کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ ان کلاسز کا شیڈول بھی طلبہ کو درسی کتب کے پیکٹ میں بھیج دیا جاتا ہے تاکہ وقت مقررہ پر مراکز میں آکر اپنی مشکلات کے حل میں اساتذہ سے مدد لے سکیں۔ مطالعاتی مراکز میں حاضری لازمی نہیں لیکن مفید ضرور ہے۔ طلبہ مراسلت، نشریات اور مطالعاتی مراکز، تینوں ذرائع تعلیم سے مجموعی فائدہ اٹھائیں۔ سمسٹر کے شروع ہوتے ہی ٹیوٹر کی اطلاع نہ ملنے پر اپنے علاقائی دفتر سے رابطہ کریں۔

### (iv) ریڈیو، ٹیلی ویژن پروگرام

درسی مواد کو اگرچہ ہر لحاظ سے مکمل بنانے کی کوشش کی جاتی ہے تاہم مزید وضاحت اور تقویت کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کئے جاتے ہیں۔ ان پروگراموں کے اوقات کی اطلاع طلبہ کو پہلے سے فراہم کر دی جاتی ہے۔ یونیورسٹی کے تمام طلبہ کی راہنمائی کے لئے ہر اتوار کو ریڈیو پاکستان سے "جامعہ نامہ" کا خصوصی پروگرام نشر کیا جاتا ہے۔ اس کا شیڈول (نشر ہونے کے اوقات) درسی کتب کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

### (v) آخری امتحان

سمسٹر کے اختتام پر آخری امتحان لیا جاتا ہے جس کے لئے طلبہ کو روائتی طریقہ امتحان کی طرح امتحانی مراکز میں حاضر ہونا پڑتا ہے۔ اس کے بارے میں تفصیلی معلومات طلبہ کو پہلے مہیا کر دی جاتی ہیں۔

آخری امتحان میں سوالات متعلقہ کورس کے تمام اسباق سے پوچھے جاتے ہیں۔ آخری امتحان میں صرف وہی طلبہ شریک ہوتے ہیں جنہوں نے مشقی کام میں کامیابی حاصل کر لی ہو۔ آخری امتحان میں ناکامی کی صورت میں دو لگاتار مواقع فراہم کئے جاتے ہیں۔ شیڈول کے مطابق سمسٹر بہار کے امتحان نومبر کے پہلے ہفتے اور خزاں کے امتحان مئی کے پہلے ہفتے میں شروع ہوتے ہیں۔

### (vi) کورس کا نتیجہ

کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(الف) امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کے کل 100 نمبروں کی (Weightage) بالترتیب 70:30 ہے۔

(ب) امتحانی مشقوں اور آخری امتحان، ہر دو میں پاس ہونے کے لئے کم از کم 40 فیصد نمبر لینا ضروری ہیں جبکہ مذکورہ ہر دو اجزاء کا مجموعہ بھی 40 فیصد نمبر لینا لازمی ہیں۔

### (vii) گریڈنگ سسٹم

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں مندرجہ ذیل گریڈنگ سسٹم رائج ہے۔

| | |
|---|---|
| فیل | 40 فیصد سے کم نمبر حاصل کرنے پر |
| گریڈ D | 40 فیصد سے 49 فیصد تک |
| گریڈ C | 50 فیصد سے 59 فیصد تک |
| گریڈ B | 60 فیصد سے 69 فیصد تک |
| گریڈ A | 70 فیصد سے 79 فیصد تک |
| گریڈ A+ | 80 فیصد سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر |

# 4- فیس

اللسان العربی سرٹیفکیٹ کورس اور زرعی کورسز کی فیس مختلف ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| اللسان العربی فی کورس | -/935روپے |
| زرعی کورسز فی کورس | -/935روپے |

**نوٹ:** نئی سکیم کے تحت خزاں 2019 سمسٹر سے ایک مکمل کورس برابر ہے چھ کریڈٹ آورز کے جبکہ ایک نصف کورس برابر ہے۔تین کریڈٹ آورز کے۔

طالبہ وطالبات داخلہ فارم پر کرتے وقت اس بات کو مدنظر رکھیں کہ ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ بارہ کریڈٹ آورز میں داخلہ لیا جاسکتا ہے۔

## 4.1- فیس اور داخلہ جمع کرانے کا طریقہ کار

### فیس جمع کروانے کا طریقہ کار

طلبہ کو مندرجہ ذیل بنکس کی کسی برانچ میں فیس جمع کروانے کے لیے صرف چالان فارم پیش کرنا ہوگا۔

(a) (1) ABL (2) MCB (3) UBL (4) FWB

(b) چالان پُر کرتے وقت اس بات کا خیال رکھے کہ اپنے متعلقہ کوڈنگ ( ✔ ) کریں اور اس کی فیس چالان میں درج کریں۔

### داخلہ فارم یونیورسٹی بھجوانے کا طریقہ

فیس جمع کروانے کے بعد 48 گھنٹے کے اندر آپ نے اپنا داخلہ فارم درج ذیل طریقے کے مطابق یونیورسٹی کو بھجوانا ہے۔

(a) بنک کے واپس کردہ چالان (سٹوڈنٹ کاپی) کے ساتھ ایڈریس لیبل لگا ہوا ہے اسے چالان سے الگ کرلیں۔

(b) چالان کی یونیورسٹی کاپی کو اپنے مکمل شدہ فارم کے ساتھ لف کریں۔اور کسی لفافے میں ڈال دیں۔

(c) چالان فارم سے جدا کیا ہوا ایڈریس لیبل اس لفافے پر چسپاں کردیں۔

(d) یہ لفافہ اپنے قریبی پوسٹ آفس (ڈاکخانہ) میں جا کر رجسٹری کروائیں اور رسید حاصل کریں۔

واضح رہے کہ آپ کو رجسٹری کے پیسے پوسٹ آفس کو نہیں دینے۔یہ پیسے پہلے ہی یونیورسٹی پوسٹ آفس کو دے چکی ہے۔

**نوٹ:** داخلہ فیس صرف مذکورہ بالا طریقے سے ادا کی جائے کسی دوسرے ذریعہ یا کسی شخص کو دی جانے والی فیس کی رقم کے لئے یونیورسٹی ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔

### فیس واپسی کے قواعد وضوابط

a- ایسے طلباء/ طالبات جنہوں نے فارم اور فیس جمع کروائی ہے مگر داخلہ کی خواہش مند نہیں ہیں اور کتب کی ترسیل سے پہلے اپنی داخلہ فیس واپس لینا چاہتے ہیں ان کو فیس 10% کٹوتی کے بعد واپس کی جائے گی۔

b- جو طلباء/ طالبات اہل نہ ہونے کے باوجود داخلے کے لئے درخواست دے دیتے ہیں ان کی جمع کرائی گئی فیس میں سے 25% کٹوتی کر کے واپس کی جائے گی۔

c- جو طلباء/ طالبات زائد فیس جمع کرواتے ہیں ان کی فیس درخواست وصول ہونے پر ایک سال کے دوران واپس کی جائے گی یا اگلے سمسٹر میں (Adjust) کی جائے گی۔

d- فیس واپسی کا عمل داخلے مکمل ہونے پر طلباء/ طالبات سے اصل رسید نمبر 4 بمع اصل داخلہ فارم موصول ہونے پر کیا جائے گا۔

e- داخلہ نہ ہونے کی صورت میں فیس کی واپسی ایک سال کے اندر ممکن ہے۔ایک سال کے بعد نہ فیس واپسی کی درخواست پر غور کیا جائے گا اور نہ ہی فیس واپس کی جائے گی۔

## 5- اہم معلومات

1 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے جاری کردہ سرٹیفکیٹ / ڈگریاں دیگر منظور شدہ یونیورسٹیوں اور بورڈ کے مساوی ہیں۔

2 امیدوار ہر لحاظ سے مکمل داخلہ فارم متعلقہ پروگرام کے لیے مع تصدیق شدہ تعلیمی اسناد، ایک تصویر کے ہمراہ پراسپکٹس میں دی گئی ہدایات کے مطابق ارسال کریں۔

3 کتب کی ترسیل کے بعد کورس تبدیل نہیں ہوگا۔

4 دوران سمسٹر طالب علم کا پتہ تبدیل نہیں ہوگا۔

5 **بہار اور خزاں کے سمسٹر کے داخلے بالترتیب جنوری اور جولائی میں ہوتے ہیں۔ جاری طلبہ (Continuing Students) کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم ارسال کئے جاتے ہیں تاہم اگر کسی وجہ سے طالب علم کو یہ فارم موصول نہیں ہوتا۔ طالب علم اس فارم پر اپنا رول نمبر، رجسٹریشن نمبر اور کورس کوڈز (جن میں وہ داخلہ لے رہا ہے) ضرور تحریر کرے گا۔ Online Admission Form اس لنک https://online.aiou.edu.pk پر دستیاب ہیں۔**

6 کتابوں کے لفافے پر پتہ میں رول نمبر اور رجسٹریشن کا اندراج بھی ہے جسے نوٹ فرمالیں کیونکہ رجسٹریشن نمبر کا مع رول نمبر کورس کوڈ اور سمسٹر کا حوالہ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والی خط وکتابت میں دیا جانا ضروری ہے۔

7 درسی مواد موصول ہونے کے تقریباً پندرہ سے بیس دن کے اندر ہر کورس کے لئے نامزد کئے گئے ٹیوٹر کے بارے میں اطلاع دی جائے گی۔ **اگر آپ کو ٹیوٹر کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملتی تو آپ فوری طور پر متعلقہ علاقائی دفتر سے رابطہ کریں** یا آپ اپنی امتحانی مشقیں بلا تاخیر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک متعلقہ ریجنل ڈائریکٹر کو بھجوا دیں۔

8 یونیورسٹی کے قواعد وضوابط میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں آسکتی ہیں اور طلبہ پر ان کی پابندی لازم ہے۔

9 پہلے سے داخل کسی پروگرام میں سپیشلائزیشن کی صورت میں طالب علم کو اس بات کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی کہ وہ دوران پروگرام کسی دوسرے پروگرام میں داخلہ لے اور نہ ہی ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں منتقل ہونے کی اجازت دی جائے گی جب تک وہ اپنے پہلے پروگرام کا داخلہ منسوخ نہ کرائے یا مکمل نہ کرلے۔

10 پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد گروپ کی تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ طالب علم شعبہ امتحانات کو سرٹیفکیٹ/ ڈگری کے اجراء کے لئے درخواست دے گا۔

11 یونیورسٹی اپنی پالیسی کے مطابق پراسپیکٹس میں دیئے گئے مندرجات کو کسی پیشگی اطلاع کے بغیر تبدیل کرنے کا استحقاق رکھتی ہے۔

12 **طالب علم اگر ایک سمسٹر میں بیک وقت دو پروگراموں میں داخلہ لیتا ہے تو دونوں پروگراموں میں داخلہ منسوخ کیا جائے گا اور فیس بھی ضبط کی جائے گی۔**

13 داخلہ فارم پر کسی لفظ کو کاٹ کر مشکوک نہ بنائیں ورنہ داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

14 انگریزی میں نام / پتہ درج کرتے وقت بڑے حروف (Capital Letter) استعمال کریں

15 ہر طالب علم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ کے آغاز سے لے کر سرٹیفکیٹ ڈگری کے اجراء تک کسی بدعنوانی کے ارتکاب یا شرائط داخلہ کے سہواً یا عمداً نظر انداز کرنے/ ہونے کی صورت میں متعلقہ طالب علم کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط کی جائے گی نیز کسی قسم کے سرٹیفکیٹ یا ڈگری کا اجراء نہیں کیا جائے گا۔

16 میٹرک' ایف اے کی سطح پر داخلہ فارم پر تصویر چسپاں کرنا ضروری ہے چونکہ یہ تصویر رول نمبر سلپ پر پرنٹ کی جائے گی۔ لہٰذا

(a تصویر صرف فارم میں دیئے گئے خانے میں چسپاں کریں۔

(b تصویر کا سائز خانے کے مطابق "1.5"x2.0 (یا پاسپورٹ سائز) ہونا چاہیے۔

(c تصویر میں چہرے کا نمایاں ہونا ضروری ہے۔

(d تصویر کو گوند سے چسپاں کریں۔ سٹیپلر یا پیپر پن ہرگز استعمال نہ کریں۔

(e طلباء وطالبات دونوں کے لیے تصویر لازمی ہے اس کے بغیر داخلہ مسترد کر دیا جائے گا

17 میٹرک کے سرٹیفکیٹ میں دیئے گئے نام اور ولدیت کو ہی درست تسلیم کیا جائے گا۔

18 داخلہ کورس کوڈز (Course Codes) کے مطابق دیا جاتا ہے لہٰذا داخلہ فارم پر کرتے وقت (Course Codes) انتہائی توجہ کے ساتھ لکھیں۔ (Course Codes) نہ ہونے کی

صورت میں مضمون کے ٹائٹل کے مطابق داخلہ دیا جائے گا اور غلطی کی صورت میں طالب علم کو پہلی مشق کی تاریخ سے قبل تبدیلی کورس کی فیس ادا کرنا ہوگی جس کا ذمہ دار وہ خود ہوگا۔

19 شعبہ اسٹوڈنٹ افیئرز، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسٹوڈنٹ سپورٹ فنڈ کے ذریعے محدود مالی وسائل کے حامل طلباء و طالبات کو تعلیمی سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں علاقائی دفاتر کے ذریعے طلبہ کی ایک بڑی تعداد کو مالی معاونت کی سہولت دی جا رہی ہے۔ مستحق طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس سکیم سے فائدہ اٹھانے کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفاتر سے مجوزہ فارم حاصل کر کے مقررہ تاریخ کے اندر جمع کروائیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے علاقائی دفاتر سے رابطہ کریں۔

## -6 داخلہ، کتابیں، ڈیٹ شیٹ، رول نمبر سلپ، اور رزلٹ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے اہم فون نمبرز اور پتے

(راولپنڈی/اسلام آباد سے باہر کے طلباء وطلبات درج ذیل فون نمبرز سے پہلے سٹی کوڈ 051 ضرور ڈائل کریں۔)

## داخلہ کے بارے میں معلومات

### انٹرمیڈیٹ پروگرامز

**Phone No: 9057432, 9057438**

**E.Mail: adms.hssc@aiou.edu.pk**

### میٹرک پروگرامز

**Phone No: 9057431, 9057433**

**E.Mail: adms.ssc@aiou.edu.pk**

## جنرل معلومات

**Phone No: 9057151 Fax: 9250162**

**E.Mail: adms@aiou.edu.pk**

شعبہ داخلہ، بلاک نمبر 4، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H-8، اسلام آباد

### کتابوں کے بارے میں معلومات

**Phone No: 9057282, 9057611, 9250185**

Email:mailing@aiou.edu.pk

شعبہ ترسیل کتب، بلاک نمبر 28، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایچ ایٹ اسلام آباد۔

### ڈیٹ شیٹ، رول نمبر سلپ اور رزلٹ کے بارے میں معلومات

### شعبہ امتحانات

میٹرک پروگرامز: **Phone No: 9057320**

سرٹیفکیٹ/ڈگری: **Phone No: 9057328**

شعبہ امتحانات، بلاک نمبر 3، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سیکٹر ایچ ایٹ، اسلام آباد

**Help line No.051-111-112-468**
**Website: http://www.aiou.edu.pk**

# ریجنل کوارڈینیٹرز کے پتہ جات

## صوبہ پنجاب

1- جناب محمد سعید، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پرنسپل، گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول ڈانڈا شاہ، لاوہ۔ Ph No. 03335928107

2- ڈاکٹر طارق مجید، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پروفیسر، گورنمنٹ اسلامیہ کالج چنیوٹ۔ Ph No. 03336715262

3- راجہ محمد اختر خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، علامہ اقبال جونیئر پبلک سکول، چوآہ سیدن شاہ۔

4- جناب محمد شریف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی (ریٹائرڈ) وارڈ نمبر 16 گلی نمبر 4، نواں شہر، شورکوٹ سٹی۔ Ph No. 03017205704

5- جناب ثاقب امام رضوی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ٹیچر، گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بھائی خان، گجر خان۔ Ph No. 03005199749

6- جناب صبیر احمد عباسی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ کالج، جھیکا گلی، مری PhNo.03005585228

7- جناب صفدر خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج حضرو۔ Ph No. 03005609260

8- ڈاکٹر محمد جاوید اصغر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج جھانیاں۔ Ph No. 03228870199

9- جناب محمد مسکین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول نمبر 2 فتح جنگ۔ Ph No. 03005273227

10- ڈاکٹر محمد انور، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھابرا، واہ کینٹ۔ Ph No. 03005363883

11- جناب محمد عارف خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول نمبر 2، تلہ گنگ۔ Ph No. 03314855113

12- سید ضمیر حسین شاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ایس، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول، نارا، کہوٹہ۔ Ph No. 03015151911

13- جناب محمد رضا ونیس، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول، کلر سیداں۔ Ph No.

14- جناب محمد اسلم فاروقی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج جلالپور پیروالا۔ Ph No. 03015227173

15- جناب محمد صدیق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر (ریٹائرڈ) چک نمبر 298 گ ب، گوجرہ۔ Ph No. 03017055350

16- جناب عبدالرزاق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ڈپٹی ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 پیر محل۔ Ph No. 03126560889

17- جناب عبدالغفور زاہد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر (ر) ہاؤس نمبر 111، مدینہ کالونی، پیر شاہ، کمالیہ۔ Ph No. 03216550499

18- چوہدری محمد اشرف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سٹریٹ نمبر 10، محلہ مشن کمپونڈ، جمادا روڈ، گجرات۔ Ph No. 03327144828

19- جناب ارشد محمود شاہد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج، سرائے عالمگیر۔ Ph No. 03335841544

20- جناب سکندر حیات، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ یونین ہائی سکول میاں چنوں۔ Ph No. 03013017686

21- سید مختار حسین بخاری، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ کالج بھکر۔ Ph No. 03338909805

22- جناب محمد اقبال، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس (ریٹائرڈ) 157/C، ہاؤسنگ سکیم رونالاخرد۔ Ph No. 03087523947 & 03457523947

23- جناب محمد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ کالج دیپالپور۔ Ph No. 03016390414

24- حافظ محمد شفیق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول، پاکپتن شریف۔ Ph No. 03227858622

25- رانا عابد علی خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، ڈپٹی ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ایم۔سی ماڈل ہائی سکول چیچہ وطنی۔ Ph No. 03016925775

26- جناب خلیل احمد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج خانیوال۔ Ph No. 03017817130

27- جناب محمد جاوید، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کلرکہار۔ Ph No. 03335904962

28- جناب ممتاز الحسن، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول چک جھمرہ، ضلع فیصل آباد۔ Ph No. 03346645225

29- چوہدری بشارت علی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس، گورنمنٹ کرسچن ہائر سیکنڈری سکول، راولپنڈی سٹی۔

30- جناب مختار احمد اعوان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول حسن ابدال۔ Ph No. 03125609715

31- حافظ عبدالغفار، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج پنڈی گھیب۔ Ph No. 03339535710

32- جناب محمد جاوید بشیر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول جڑانوالہ، ضلع فیصل آباد۔ Ph No. 03217951897

33- محترمہ خالدہ پروین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 01، سمندری، ضلع فیصل آباد۔

34- محترمہ رقیہ کوثر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ کالج فار وویمن تاندلیانوالا، ضلع فیصل آباد۔ 03357769371

35- جناب غلام مرتضیٰ ستی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول ملوٹ ستیاں، تحصیل کوٹلی ستیاں، ضلع راولپنڈی۔ Ph No. 03465429130

36- جناب محمد نقیب، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ مسلم ہائی سکول حافظ آباد۔ Ph No. 03216212931 & 03316212931

37- جناب محمد نواز ظفر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ ڈگری کالج، پنڈی بھٹیاں، ضلع حافظ آباد۔ Ph No. 03336711578

38- جناب عدیل عباس، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ڈپٹی ڈی۔ای۔او، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول پنڈ دادنخان، ضلع جہلم۔ Ph No. 03459216000

39- جناب نعیم اختر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سوہاوہ، ضلع جہلم۔ Ph No. 03335759601

40- جناب فاروق احمد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج ملکوال، ضلع منڈی بہاؤالدین۔ Ph No. 03455763246

## صوبہ سندھ

1- جناب دلدار حسین راہو، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر (ریٹائرڈ) پرنسپل الائیڈ پبلک سکول سکرنڈ، ضلع نواب شاہ۔ Ph No. 03068292318

2- جناب پیر محمد رند، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایچ ایس ٹی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سیہون شریف، ضلع جامشورو۔ Ph No. 03005457029

3- جناب ریاض روشن پال، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ ایچ ایم خوجہ ہائی سکول نمبر 1، نواب شاہ۔ Ph No. 03003227785

4- جناب غلام قادر جمالی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول، خیر پور ناتھن شاہ۔ Ph No. 03003256369

5- جناب انوار الدین پیرزادہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ ہائی سکول، کنڈیارو۔ Ph No. 03012127574

## صوبہ خیبر پختونخواہ

1۔ جناب جوہر علی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول، لیبر کالونی امان گڑھ، نوشہرہ۔ Ph No. 03465648635

2- جناب حیات اللہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ سٹینڈرڈ ماڈل ہائی سکول، تورنگ زئی، ضلع چارسدہ۔ Ph No. 03139173884

3- جناب پرویز، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ ڈگری کالج، بٹگرام۔ Ph No. 03005258672

4- جناب فیض علی خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، گورنمنٹ ہائی سکول سگبند، مٹہ۔ Ph No. 03469416144

5- جناب محمد پرویز، ریجنل کوآرڈینیٹر (برائے بالاکوٹ)، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سبجیکٹ سپیشلسٹ، C/O گورنمنٹ ہائی سکول بالاکوٹ۔ Ph No. 03459628699

6- جناب گوہر خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2، جمرود، خیبر ایجنسی۔ Ph No. 03339330321

7- جناب انعام اللہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج ایکہ گوند، ممند ایجنسی۔ Ph No. 03018890889

8- جناب غلام واحد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول پیپاور دیراپر۔ Ph No. 03028335588

9- جناب سجاد عزیز، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، انسٹرکٹر، ریجنل انسٹیٹیوٹ آف ٹیچر ایجوکیشن ہری پور۔ Ph No. 03015520529

10- جناب نصر اللہ زیب، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول غدیزی، ڈگر، ضلع بونیر۔ Ph No. 03339703438

11- جناب محمد ایاز خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، (پوران شانگلہ) لیکچرر، گورنمنٹ ڈگری کالج پوران شانگلہ۔ Ph No. 03458530350

12- جناب محمد حماد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول اُگی، ضلع مانسہرہ۔ Ph No. 03005627378 & 03325627378

13- جناب محمد عارف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، گورنمنٹ مڈل ہائی سکول داگے، تحصیل کبل۔ Ph No. 03459528291

14- جناب ولی داد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اے ڈی او، سکول اینڈ لٹریسی، داسو کوہستان. PhNo. 03154377788

15- جناب ضیاالحق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ، پوسٹ گریجوایٹ کالج، خار، باجوڑ ایجنسی۔ Ph No. 03078566671 & 03459155616

16- جناب فیض الرحمان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج الپورائی، شانگلہ۔ Ph No. 03015906618

17- جناب خلیل الرحمان، ریجنل کوآرڈینیٹر (درگئی)، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول دیری کوٹ، مالاکنڈ۔ Ph No. 03238538179 & 03415337988

18- جناب اورنگ زیب بادشاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، گاؤں پیراں ڈاک خانہ خاص، بٹخیلا مالاکنڈ۔ Ph No. 03410503658 & 03459354518

19- جناب اصل جان، ریجنل کوآرڈینیٹر (نارتھ وزیرستان) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس، گورنمنٹ ہائرسیکنڈری سکول ماما خیل، بانوچی، بنوں۔ & Ph No. 03328542734 03468299980

20- جناب عبدالقدوس، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ ڈگری کالج وانا، ساؤتھ وزیرستان۔ Ph No. 03339313095

21- جناب اقبال بادشاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس، گورنمنٹ ہائرسیکنڈری سکول نمبر 3، لکی مروت۔ Ph No. 03469501419

22- جناب محمد سلیم خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1، ٹانک۔ Ph No. 03369445974

23- جناب محمد قاسم خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 3، بنوں۔ Ph No. 03339732541

24- جناب خورشید خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول، تخت بھائی، ضلع مردان۔ Ph No. 03009300588 & 03159300077

25- جناب افتخار علی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول گالہ، تحصیل کاٹلنگ ضلع مردان۔ Ph No. 03469354577

26- جناب انورزیب، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول ڈھاؤر، تحصیل وضلع صوابی۔ Ph No. 03149870444

27- جناب غذا باچہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس، گورنمنٹ ہائرسیکنڈری سکول کنڈا، تحصیل لاہور، ضلع صوابی۔ Ph No. 03365686975

28- جناب محمد توفیق خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (ریٹائرڈ) پرنسپل، مہتاب خورشید، سکول اینڈ کالج، کوٹھہ، صوابی۔ Ph No. 03465586218

29- جناب محمد ایاز، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول، اسوٹہ شریف، تحصیل رزاڑ، ضلع صوابی۔ Ph No. 03136692788

## بلوچستان

1- جناب محمد یوسف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول مشکف تحصیل ڈھاڈر، ضلع کچھی بولان۔

2- جناب فضل دین ابرو، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول سردار صحبت خان گولا، تحصیل ڈیرہ اللہ یار ضلع جعفرآباد۔ Ph No. 03337858673

3- جناب زاہد حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول، صحبت پور۔ Ph No. 03454821186

4- جناب محمد ایاز، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول سبی۔ Ph No. 03337710714

5- جناب محمد طارق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ بوائز مڈل سکول کلی صالح محمد تحصیل گنداواہ ضلع جھل مگسی۔ Ph No. 03332315891

6- جناب صاحب جان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ہرنائی۔ Ph No. 03328099430

7- جناب محمد آصف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول مستنگ۔ Ph No. 03343062311

8- جناب محمد جمعہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ایلمنٹری کالج اتھل، ضلع لسبیلا۔ Ph No. 03332875203 & 03152555006

9- جناب عبدالمجید، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول اکرم کالونی حب، ضلع لسبیلا۔

## گلگت بلتستان

1- جناب غلام مرتضٰی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ٹی جی ٹی، ایف جی، بوائز ہائی سکول نگر۔ Ph No. 03555550013

2- جناب محفوظ اللہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول داریل Ph No. 03555355009

3- جناب پیار علی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول علی آباد، ضلع ہنزہ۔ Ph No. 03555231988

4- جناب ادینہ بیگ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول، یاسین، ضلع غذر۔ Ph No. 03129712256

5- جناب منظور حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، AEO، ڈپٹی ڈائیریکٹر ایجوکیشن آفس ضلع نگر۔ Ph No. 03100500714

## آزاد کشمیر

1- جناب ساجد حسین اعوان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، ریڈ فاؤنڈیشن، انٹر سپینس کالج ہٹیاں بالا، آزاد کشمیر۔ Ph No. 03465411240

2- جناب خالد منظور مفتی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج آٹھمقام، ضلع نیلم، آزاد کشمیر۔ Ph No. 03558158556

3- ملک مشتاق احمد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ گرلز انٹر کالج لیپہ، آزاد کشمیر۔ Ph No. 03558155551

4- جناب بشیر احمد ملک، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل (R) گاؤں پارسچا، پوسٹ آفس، تحصیل پٹیکا، مظفرآباد آزاد کشمیر۔ Ph No. 03420525164